ilmkidunya
علم کی دنیا

Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 10 Preparation

Q1. سورہ مریم کے کتنے رکوع اور آیات ہیں.

Ans 1: سورہ مریم کے 6 رکوع اور 98 آیات ہیں.

Q2. الفاظ معنی لکھیں- صدری - احلل- اخی- ازری- نسبحک- مرۃ اخریٰ- اشرح - یسر - لسانی- اشدہ- بصیر- مننا.

Ans 1: صدری- میرا سینہ احلل - کھول دے اخی- میر ابھائی ازری- میری کمر نسبحک - ہم تیری تسبیح بیان کریں- مرۃ اخریٰ- ایک مرتبہ اور بھی اشرح - کھول دے یسر - آسان کردے - لسانی - میری زبان اشدد - مضبوط کردے - بصیر - خوب دیکھنے والا - مننا- ہم نے احسان کیا

Q3. قوم ثمود کی طرف کسے رسول بناکر بھیجا

Ans 1: حضرت صالح علیہ السلام کو قوم ثمود کی طرف رسول بناکر بھیجا

Q4. کون سے پیغمبر کو پرندوں کی بولیاں سکھائی گئیں.

Ans 1: حضرت سلیمان علیہ السلام کو پرندوں کی بولیاں سکھائیں گئیں.

Q5. سورۃ القصص کا خلاصہ کیا ہے.

Ans 1: سورہ القصص کے پہلے پانچ رکوعوں میں بہت تفصیل کے ساتھ حضرت موسیٰ کا واقعہ بیان کیا گیا ہے قرآن مجید میں پچھلے انبیاء کرام علیہ السلام میں سب سے زیادہ تفصیل کے ساتھ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زکر ایا ہے، کیونکہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی سرت طیبہ کے ساتھ کئی چیزوں میں مشابہت ہے. سورۃ القصص کا خلاصہ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زکر کرکے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبن کی رسالت اور آپ کی دعوت کی سچائی کو ثابت کرنا ہے.

Q6. سورہ القصص کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ القصص مکی سورت ہے.

Q7. سورۃ ص کا آغاز کیسے ہوتا ہے.

Ans 1: سورۃ ص کا آغاز حروف مقطعات میں حرف صاد سے ہوتاہے.

Q8. ترجمہ کریں- رب زدنی علما

Ans 1: اے مرے رب! مجھے علم میں اور ترقی عطا فرما-

Q9. سورہ مریم میں کن عقائد کا بیان ہے.

Ans 1: سورہ مریم میں توحید، رسالت اور آخرت کا بیان ہے

Q10. سورۃ یٰسین کا آغاز کس سے ہوتاہے.

Ans 1: سورۃ یٰسین کا آغاز حروف مقطعات میں سے "یٰسین" سے ہوتا ہے.